© rasailojaraid.com



مانا درکنار اس کو ایک سلیم العقل انسان ماننا بھی انسانیت کی تذلیل ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے یہ بات ذہن میں جاگزیں ہوتی ہے کہ اس لعین دجال کے پیروکار کس طرح اس پر ایمان لائے۔ کیا یہ لوگ عقل و خرد سے عاری ہیں کہ ایسے مسخرے کو نبی مانا یا مجدد باور کرایا۔ زیر تبصرہ کتاب کا ایک عنوان مسٹر گالی گلوچ پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ جو بازاری زبان مرزا نے اپنے مخالفین اور عامۃ المسلمین کے خلاف استعمال کی ہے اور جو نادر و نایاب گالیاں ایجاد کی ہیں۔ شیطان اور ابلیس لعین نے بھی اس پر حیرت و استعجاب کا اظہار کیا ہوگا۔ قادیانیت کے موضوع پر یہ کتاب بھی سابقہ کتاب قادیانیت کش کی طرح قصر قادیاں پر ایک ضرب کاری ہے طاہر رزاق صاحب کے قلم کی خوبی یہ ہے کہ قاری کو اپنی گرفت میں لیتا ہے۔ اور پڑھنے والا کسی قسم کی بوریت اور اکتاہٹ محسوس نہیں کرتا، اسی سلیس انداز اور جابجا خوبصورت اشعار نے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ کیا ہے۔

---

ماہنامہ : مشکوٰۃ المصباح خصوصی اشاعت شہدائے نمبر مدیر : محمد احسن بھٹی

ضخامت : ۲۰۰ صفحات قیمت : پتہ : ا۔ اے ذیلدار پارک اچھرہ، لاہور

جمعیت طلباء عربیہ پاکستان کا ترجمان مجلّہ ماہنامہ مشکوٰۃ المصباح کا یہ خصوصی نمبر ان خونین کفناں کی یاد میں ہے۔ جنہوں نے اپنے تازہ اور جوان خون سے گلشن اسلام کی آبیاری کی اور تاریخ عزیمت میں اپنا نام ہمیشہ کیلئے زندہ جاوید کر دیا۔ زیر تبصرہ یہ خصوصی نمبر مضامین کی ندرت اور موضوعات کے انتخاب کے لحاظ سے انتہائی سلیقہ سے مرتب کیا گیا ہے۔ ابتداء میں مشہور جہادی زعماء اور کمانڈروں کی تحریرات دی گئی ہیں۔ جن میں اسامہ بن محمد بن لادن اور شیخ احمد یاسین قائد تحریک حماس فلسطین کے تاثرات بھی شامل ہیں تذکرہ شہداء کیساتھ ساتھ عالمی جہادی تحریکوں کا مختصر تعارف بھی دیا گیا ہے۔ جس اسلوب نگارش سے مضامین ترتیب دیئے گئے ہیں اس سے دل میں جہاد اور شوقِ شہادت کا ولولہ تازہ ابھرتا ہے اور عنوانات کی دلکشی قاری کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔ یہ خصوصی نمبر معنوی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ظاہری آرائش سے بھی مزین ہے۔

البتہ اگر کاغذ معیاری استعمال کیا جاتا تو اس سے پرچے کے نکھار میں مزید اضافہ ہوتا۔ بلاشبہ اس قسم کی خصوصی اشاعتوں میں اشتہارات ایک معمول ہے لیکن زیر نظر اشاعت ۲۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ جس میں یہ تقریباً ۷۰ کے قریب اشتہارات ذوق پر گراں گزرتے ہیں۔

© rasailojaraid.com